اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو لڑکے کے عقیقہ میں بھیڑ اور بکری بکرا میں سے دو ایک جیسے کے ذبح کرنے کا اور لڑکی کے عقیقہ میں بھیڑ اور بکری بکرا میں سے ایک کے ذبح کرنے کا حکم دیا

عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو لڑکے کے عقیقہ میں بھیڑ اور بکری بکرا میں سے دو ایک جیسے کے ذبح کرنے کا اور لڑکی کے عقیقہ میں بھیڑ اور بکری بکرا میں سے ایک کے ذبح کرنے کا حکم دیا ہے

[صحیح] [اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے - اسے امام احمد نے روایت کیا ہے]

اس حدیث میں عائشہ رضی اللہ عنہا بتا رہی ہیں کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے لڑکے کی ولادت پر اس کی جانب سے بھیڑ اور بکری بکرا میں سے دو کے ذبح کرنے کا حکم دیا ہے، جو عمر، موٹاپے اور عمدگی میں ایک جیسے ہوں, اور لڑکی کی ولادت پر بھیڑ اور بکری بکرا میں سے ایک کے ذبح کرنے کا حکم دیا ہے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/64667